شش ماہی
الابصار

جنوری - جون 2022

شمارہ:1 جلد:1

ISSN Print: 2958-9150

ISSN Online: 2958-9169

شعبہ فقہ و شریعہ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور

ششماہی تحقیقی مجلّہ

جنوری – جون 2022ء جلد: 1۔ شمارہ: 1

مدیر اعلیٰ

پروفیسر ڈاکٹر شیخ شفیق الرحمن

مدیر

ڈاکٹر عبد الغفار

مدیر منتظم

محمد جنید انور

شعبہ فقہ وشریعہ

دی اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور، پاکستان

محترم جناب وائس چانسلر کا پیغام

دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور پاکستان کی بڑی جامعات میں سے ایک ہے۔ اس کا شاندار علمی ماضی رہا ہے۔ جامعہ اسلامیہ اسی روایتِ علمی کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے شعبہ جات میں وسعت کر چکی ہے۔ اس ضمن میں تحقیق کے میدان میں بھی اپنا ایک اثر قائم کر رہی ہے۔ کلیہ علوم اسلامیہ کے تحت قائم شعبہ فقہ و شریعہ کے تحت تحقیقی مجلہ الابصار کی اشاعت اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

مجھے اس بات کی خوشی ہے شعبے نے اس ضرورت کو محسوس کیا اور اس پر عملی قدم اٹھایا۔ ڈین کلیہ علوم اسلامیہ کی محنت اور لگن کے سبب امید کرتا ہوں کہ مجلہ الابصار فقہ و شریعہ کی تمام جہات اور پہلوؤں کے حوالے سے مسائل کے حل اور جدید تحقیقات پیش کرنے میں معاصر مجلات میں ایک امتیاز کا حامل ہو گا۔ اللہ تعالیٰ شعبہ فقہ و شریعہ، کلیہ علوم اسلامیہ، مجلہ اور یونیورسٹی کو ترقیاں عطا فرمائے۔

Athar .Mahboob

انجینئر پروفیسر ڈاکٹر اطہر محبوب (تمغہ امتیاز)
وائس چانسلر
دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور

تعارف مقالہ نگاران

ڈاکٹر حافظ خالد محمود

وزیٹنگ لیکچرر، ادارہ علوم اسلامیہ، جامعہ پنجاب۔ استاذ الفقہ جامعہ اشرفیہ، لاہور

محمد طاہر اکبر

نمائندہ روزنامہ بیٹھک، ملتان

شازیہ چوہان

ٹیچر ز ٹرینر، غزالی پبلی کیشنز، لاہور

تماضر فاطمہ

لیکچرر اسلامیات، پنجاب گروپ آف کالجز، جوہر ٹاؤن، لاہور

ڈاکٹر ھیثم عبد الحمید

اسسٹنٹ پروفیسر، کلیۃ اللغۃ العربیۃ، شاہ سعود یونیورسٹی، ریاض، سعودی عرب

ڈاکٹر محمد نذیر

لیکچرر: امریکن کالج اینڈ اسکول، استنبول، ترکی

نبیل احمد

ایم فل اسکالر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

فہرستِ مقالات

ادار یہ مدیر

اردو مقالات

1۔ سفر حج میں عورت کے لئے محرم کی تقیید اور عصری معنویت

ڈاکٹر حافظ خالد محمود 01

2۔ فقہ السیرۃ کی روشنی میں انتہاپسندی کے عوامل اور تدارک

محمد طاہر اکبر 19

3۔ معاشرتی اصلاح کا اسلوب اور دائرہ کار نصوص شرعیہ کے تناظر میں

شازیہ چوہان 35

4۔ اسلامی فقہ اکیڈمی (انڈیا) کی علمی خدمات اور معاشرتی اثرات

تماضر فاطمہ 55

5۔ یتیم پوتے کی وراثت کا شرعی اور پاکستانی قانون کی روشنی میں تحقیقی جائزہ

نبیل احمد 69

عربی مقالات

6۔ دلالة افعال النبی صلی الله علیه وسلم المجردة عن القرائن علی الاحکام

دکتور هیثم عبد الحمید 87

انگریزی مقالات

7. An Green Economy: Issues and Challenges in Arab Countries

Dr. Muhammad Nazir 01

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اداریہ

اللہ پاک کے بے پایاں کرم کے طفیل شش ماہی تحقیقی مجلہ "الابصار" کا جنوری۔ جون 2022ء کا شمارہ پیش خدمت ہے۔ یہ اردو، عربی اور انگریزی تینوں زبانوں میں محققین کی کاوشوں پر مشتمل ہے۔ شمارہ میں شامل مضامین کا انتخاب ماہرین فن کی آراء و جائزہ کے بعد کیا گیا ہے۔ پانچ اردو مقالات، ایک عربی مقالہ اور ایک انگریزی مقالہ شاملِ اشاعت ہے۔

دور حاضر حج کی ادائیگی کے حوالے سے بہت سے جدید مسائل پیش آرہے ہیں۔ ان میں سے ایک مسئلہ حج کے دوران خاتون کے بنا محرم سفر کا بھی ہے۔ اس حوالے سے پہلے مقالے میں ڈاکٹر خالد محمود نے تینوں نقطہ ہائے نظر کا تجزیہ کیا ہے۔ دوسرے مقالے میں دور حاضر کے ایک اہم مسئلے انتہا پسندی کے عوامل اور تدارک کا فقہ السیرۃ کی روشنی میں جائزہ لیا گیا ہے۔

اسلام معاشرتی اصلاح اور امن کا داعی ہے۔ یہ ہر زمانے اور معاشرے کے لئے لازمی عنصر ہے۔ تیسرے مقالے میں نصوص شرعیہ کی روشنی میں معاشرتی اصلاح کے اسلوب اور دائرہ کار پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

چوتھے مقالے میں اسلامی فقہ اکیڈمی (انڈیا) کی علمی خدمات اور معاشرتی اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ پانچویں مقالے میں یتیم پوتے کی وراثت کا پاکستانی قانون اور شریعت کے تناظر میں تجزیہ کیا گیا ہے۔

عربی مقالے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قرائن وشاہد سے خالی افعال کی احکام شرعیہ پر دلالت کے حوالے سے مختلف نکتہ ہائے نظر کا تقابل کیا گیا ہے۔ انگریزی مقالے میں مقالہ نگار نے عرب ممالک میں گرین اکانومی کے حوالے سے مسائل اور تحدیات کا احاطہ کیا ہے۔

مجلہ قارئین کرام کے ہاتھوں میں ہے امید ہے یہ آپ کے معیارِ علم پر پورا اترے گا، اس کی ہر خوبی اللہ رب العزت کے کرم کی مرہون منت ہے اور جو خطائیں ہیں ان کے ذمہ دار ہم انسان ہیں اور انسان خطا سے ماورا نہیں ہے۔ آپ کی وقیع تجاویز ہمارے آئندہ شمارے کی ترتیب و تہذیب کے لیے چراغ راہ کا کام دیں گی۔ آپ کی قابل قدر آراء کا انتظار رہے گا۔ وماتوفیقی الا باللہ

مدیر